URDU

TUSLA
An Ghníomhaireacht um Leanaí agus an Teaghlach
Child and Family Agency

## ٹسلا کی مختصر گائیڈ

# آئرلینڈ میں نئے آنے والے والدین کے لئے



www.tusla.ie

CYPSC
CHILDREN & YOUNG PEOPLE'S SERVICES COMMITTEES

# مندرجات


| | |
|---|---|
| تعارف | 3 |
| آئرلینڈ میں بچوں کے حقوق کیا ہیں | 4 |
| والدین اور سرپرستوں کی ذمہ داریاں | 4 |
| بچوں کی نگرانی | 4 |
| فیملی سپورٹ سروسز | 5 |
| بچوں کا تحفظ اور بہبود | 6 |
| اگر آپ کو کسی بچے کے متعلق خدشہ ہو تو کیا کرنا چاہیے | 6 |
| میں کسی بچے کے بارے میں خدشے کی اطلاع کیسے دوں؟ | 6 |
| آئرلینڈ میں چائلڈ کیئر سسٹم | 8 |
| آئرلینڈ میں نظام تعلیم | 9 |
| اسکول میں داخلہ | 9 |
| ممکنہ طور پر مددگار دیگر معلومات | 10 |
| جنسی عمل کی رضامندی دینے کی عمر | 10 |
| آئرلینڈ میں لوگ کس عمر میں شادی کر سکتے ہیں؟ | 10 |
| کام کرنے کی قانونی عمر | 10 |
| صنفی شناخت کا حق | 10 |
| الکحل اور قانون | 10 |
| بین الاقوامی تحفظ کی رہائشی خدمات (IPAS): | 10 |
| گھریلو تشدد اور صنف پر مبنی تشدد | 11 |
| آئرلینڈ میں نئے آنے والے لوگوں کے ساتھ کام کرنے والی تنظیموں کی فہرست | 12 |
| دیگر کارآمد روابط | 13 |

# تعارف

**اس گائیڈ کو دی چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی (ٹسلا) کے ذریعے تیار کیا گیا ہے، اس میں ان فیملیز کی آراء شامل ہیں جو حال ہی میں آئرلینڈ آئی ہیں اور اس دہرائے گئے ایڈیشن اور نئے پرنٹ (2023) کو بچوں اور نوجوانوں کی خدمات کی کمیٹیوں (CYPSC) کے آغاز کار کی طرف سے فنڈنگ ملی ہے۔**

اس دستاویز میں کچھ عملی رہنمائی شامل ہے، جس کے بارے میں ہمیں امید ہے کہ یہ آپ کو آئرلینڈ میں قیام کے دوران بچے کے ابتدائی سالوں میں اسکول سے پہلے چائلڈ کیئر سے لے کر اسکول کے نظام تک مدد دے گی، جس میں بچوں کی نگرانی اور فیملی سپورٹ سروسز شامل ہیں۔ ہم نے اس دستاویز میں کچھ دیگر سیکشن بھی شامل کیے ہیں جن کے بارے میں ہمیں امید ہے کہ وہ آپ کے لئے کارآمد ہوں گے۔



# آئرلینڈ میں بچوں کے حقوق کیا ہیں

**بچوں کے حقوق میں صحت، تعلیم، فیملی کی زندگی، کھیل اور تفریح، مناسب معیار زندگی اور ہر قسم کی بدسلوکی اور ضرر سے تحفظ شامل ہے۔ بچوں کے حقوق میں بچے کی پیدائش کے بعد کے ابتدائی سالوں سے لے کر آئرلینڈ میں 18 سال کی عمر میں بچے کے بالغ ہونے تک کا وقت شامل ہے ماسوائے یہ کہ وہ قانونی طور پر شادی شدہ ہو۔**

## والدین اور سرپرستوں کی ذمہ داریاں

آئرلینڈ میں بچوں کی دیکھ بھال اور تحفظ کی بنیادی ذمہ داری ان کے والدین اور سرپرستوں پر عائد ہوتی ہے۔ کچھ حالات میں کئی وجوہات کی بناء پر ممکن ہے کہ والدین اپنے بچوں کی دیکھ بھال یا حفاظت نہ کر سکیں اور بعض اوقات بچوں کو ضرر سے محفوظ رکھنے کے لئے مزید شدید مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ایسے حالات میں آئرش ریاست فیملی کی موجودہ خوبیوں میں اضافہ کرنے کے مقصد سے مداخلت کر سکتی ہیں۔ کئی ریاستی ایجنسیاں فیملیز کو مشکلات پر قابو پانے اور بچے کا تحفظ یقینی بنانے میں مدد دیتی ہیں۔

آئرلینڈ میں یہ آگاہی رکھنا اہم ہے کہ گھر پر یا اسکول میں کسی بالغ شخص کو بچے کو تھپڑ مارنے یا کسی اور طرح مارنے کی اجازت نہیں ہے۔ آئرلینڈ میں بچوں پر کسی بھی طریقے سے ہاتھ اٹھانا قانون کے خلاف ہے۔ اسے جرم تصور کیا جا سکتا ہے اور An Garda Síochána (آئرش پولیس) کو اطلاع دی جا سکتی ہے۔

## بچوں کی نگرانی

اکثر والدین یا سرپرستوں کو کچھ وقت اپنے بچوں سے دور گزارنے کی ضرورت ہوتی ہے، خواہ یہ کام پر جانے کے لئے درکار زیادہ وقت ہو یا سماجی سرگرمیوں کے لئے مختصر وقت۔ بچوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑنا چاہیے، اس لئے والدین کو کسی بھروسہ مند دوست یا چائلڈ کیئر سروس یا خیال رکھنے والے فرد کی طرف سے بچے کا خیال رکھے جانے کا انتظام کرنا چاہیے۔

ایسی کوئی طے شدہ عمر نہیں ہے جس میں بچوں کو گھر پر تنہا چھوڑ دینا قانونی طور پر جائز ہے کیوں کہ یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آیا بچہ اتنا سمجھدار ہے کہ اسے اکیلا چھوڑا جا سکے۔ آئرلینڈ میں 14 سال سے کم عمر بچوں کو اتنا سمجھدار نہیں سمجھا جاتا کہ انہیں نگرانی کے بغیر تنہا چھوڑ دیا جائے۔ بڑے نوعمروں کے لئے اس بچے، اس کی سمجھداری کی سطح اور اس کے رہائشی حالات کے مطابق اس کے والدین یا سرپرست یہ فیصلہ کرتے ہیں۔

بچے مختلف عمروں میں سمجھدار ہوتے ہیں، لیکن ذیل میں ایک اندازاً گائیڈ دی گئی ہے جو بتاتی ہے کہ بچے کب گھر میں اکیلے رہ سکتے ہیں:

**کیا میں اپنے شیر خوار بچے کو گھر اکیلا چھوڑ سکتا/سکتی ہوں؟**
نہیں، چند منٹوں کے لئے بھی نہیں۔

**کیا میں اپنے کم عمر بچے کو گھر پر اکیلا چھوڑ سکتا/سکتی ہوں؟**
چھوٹے بچوں کو کبھی گھر اکیلا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، تھوڑی سی دیر کے لئے بھی نہیں۔

**کیا میں اپنے بڑے بچے کو گھر پر اکیلا چھوڑ سکتا/سکتی ہوں؟**
تجویز دی جاتی ہے کہ 14 سال سے کم عمر بچوں کو بہت کم وقت کے علاوہ گھر پر اکیلا نہ چھوڑا جائے۔

**کیا میں اپنے نوعمر بچے کو گھر پر اکیلا چھوڑ سکتا/سکتی ہوں؟**
16 سال سے بڑے نوعمروں کو گھر پر تنہا چھوڑا جا سکتا ہے۔

**بے بی سٹر (والدین کی غیر موجودگی میں بچے کو دیکھنے والا فرد) کی عمر کتنی ہونی چاہیے؟**
اگر آپ کو بے بی سٹر کی ضرورت ہے تو آپ کو ہمیشہ یقینی بنانا چاہیے کہ ان کی عمر 16 سال سے زائد ہو اور آپ کو ان سے دو حوالوں کی درخواست کر کے یقینی بنانا چاہیے کہ وہ اتنے ذمہ دار ہیں کہ ان کو بچوں کے پاس چھوڑا جا سکے۔
(Globe All IPIP Information Pack, 2010)

اگر بچے کو نگرانی کے بغیر اکیلا چھوڑا جائے، خاص کر گروپ کے ماحول میں اور اس کے متعلق خدشات اٹھائے جائیں تو ان حالات میں ٹسلا کے سماجی کارکنان ان خدشات کے حل اور فیملی کی مدد کے لئے مداخلت کر سکتے ہیں۔

## فیملی سپورٹ سروسز

فیملی کی زندگی ہمیشہ آسان نہیں ہوتی، خاص کر منتقلی اور بے یقینی کے مشکل حالات میں۔ ٹسلا فیملی سروسز مدد کے لئے حاضر ہے۔ بس کسی سے اپنے مسئلے کے بارے میں بات کر لینا اس سے نمٹنے کا آسان ترین طریقہ ہو سکتا ہے۔ بالغ افراد، نوعمروں، بچوں اور نگہداشت کنندگان کے لئے کئی سپورٹ گروپس موجود ہیں جو لوگوں کو اپنی کہانیاں سنانے اور ایک دوسرے کو سپورٹ کرنے کا موقع دیتے ہیں۔ فیملی سپورٹ سروسز عام طور پر فیملیز کو ان کے اپنے گھروں اور کمیونٹیز میں فراہم کی جاتی ہیں۔

آپ کے جو بھی حالات ہوں، ٹسلا کئی سروسز فراہم کرتا ہے جس میں فیملیز کو مشورہ اور مدد پیش کی جاتی ہے۔ اس میں فیملی سپورٹ کارکنان، سماجی کارکنان، نوجوان کارکنان، فیملی ریسورس سنٹرز، سپورٹ گروپس اور مشاورتی خدمات شامل ہیں۔ ان خدمات تک مقامی فیملی ریسورس سنٹرز اور بچوں اور فیملی کے سپورٹ نیٹ ورکس کے ذریعے رسائی لی جا سکتی ہے۔ اس قسم کی خدمات فمیلیز کو مشکل مسائل سے گزرنے میں مدد دیتی ہیں، بچوں کو رہائش کے لئے مستحکم ماحول کی فراہمی یقینی بناتی ہیں اور جن والدین کو پرورش میں مشکل ہو رہی ہو، ان کو سپورٹ فراہم کرتی ہیں۔

**فیملی ریسورس سنٹرز** کئی کمیونٹیز کے مرکز پر موجود ہیں اور معلومات، مشورے اور سپورٹ کا بہترین ذریعہ ہیں۔ وہ وسیع پیمانے پر فیملی سپورٹ اور پرورش کے پروگرام بھی فراہم کرتے ہیں:
https://www.familyresource.ie



## فیملی سپورٹ کے روابط

| | |
|---|---|
| بچوں اور فیملی کے سپورٹ نیٹ ورکس | https://www.tusla.ie/familysupport/ |
| پرورش کی سپورٹس | https://www.tusla.ie/parenting-24-seven/ |
| مقامی سماجی کام کی ٹیمیں | https://www.tusla.ie/get-in-touch/duty-social-work-teams/ |
| بچوں اور نوجوانوں کی خدمات کی کمیٹیاں (CYPSC) | https://www.cypsc.ie/contact.36.html |
| آئرش حکومت کی پرورش میں سپورٹ کا ویب صفحہ | https://www.gov.ie/en/publication/91ea0-support-and-advice/#local-supports-for-parents |

## بچوں کا تحفظ اور بہبود

چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی (ٹسلا) آئرلینڈ میں بچوں کے تحفظ و بہبود کی ذمہ دار ہے۔ آئرش قانون کے تحت An Garda Síochána (آئرش پولیس) پر بھی بچوں کے تحفظ و بہبود کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔

آئرلینڈ میں ہر شخص پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ اگر اس کے رابطے میں موجود بچوں کے بدسلوکی یا غفلت سے گزرنے کا امکان ہو تو وہ اطلاع دے۔

### اگر آپ کو کسی بچے کے متعلق خدشہ ہو تو کیا کرنا چاہیے

آئرلینڈ میں ہر شخص پر بچوں کے بارے میں خدشات کی اطلاع دینے کی ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اگر آپ کو منطقی بنیادوں پر خدشہ ہے کہ کسی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا غفلت برتی گئی ہے یا اس کا خطرہ ہے تو ٹسلا کو ہمیشہ اطلاع دی جانی چاہیے۔ اگر آپ گروپ کے ماحول یا رہائشی مرکز میں کچھ دیکھیں تو وہ بھی اس میں شامل ہے۔

اگر آپ کسی بچے کے بہبود و تحفظ کے متعلق فکرمند ہیں تو ضروری ہے کہ آپ بلا تاخیر ٹسلا کی ڈیوٹی سوشل ورک ٹیموں کے تفویض کردہ رابطہ مراکز سے رابطہ کریں: https://www.tusla.ie/get-in-touch/duty-social-work-teams

### میں کسی بچے کے بارے میں خدشے کی اطلاع کیسے دوں؟

آپ ذاتی طور پر، بذریعہ ٹیلیفون یا تحریری طور پر بچے کی رہائش کے علاقے کی مقامی سوشل ورک ڈیوٹی سروس کو اطلاع دے سکتے ہیں۔ یہاں آپ کو ٹسلا کی سوشل ورک ٹیموں سے رابطے کی تفصیلات مل سکتی ہیں: https://www.tusla.ie/children-first/contact-a-social-worker3

**بچوں کے تحفظ و بہبود کے خدشات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:**

- کسی چوٹ یا رویے کا ثبوت جو بدسلوکی ظاہر کرے اور اس کا کسی اور طرح سے پیش آنے کا امکان نہ ہو
- ممکنہ جنسی بدسلوکی کے بارے میں ہر خدشہ
- مسلسل ایسی علامات جو ظاہر کریں کہ بچہ جذباتی یا جسمانی غفلت کا شکار ہے
- کوئی بچہ بتائے یا کسی اور طریقے سے ظاہر کرے کہ اس کے ساتھ بدسلوکی کی گئی ہے
- کسی بالغ فرد یا بچے کی طرف سے مبینہ بدسلوکی کیے جانے کا اعتراف یا اشارہ
- بچے کے ساتھ بدسلوکی دیکھنے والے شخص کی روداد

عام اوقات کار کے علاوہ بچوں کے متعلق کوئی بھی سوال یا خدشہ فوری طور پر An Garda Síochána تک پہنچایا جا سکتا ہے: https://www.garda.ie/en/contact-us/station-directory



# آئرلینڈ
# میں چائلڈ کیئر سسٹم

## پری اسکول چائلڈ کیئر

آئرلینڈ میں عام طور پر 6 سال سے کم عمر بچوں کو کسی نہ کسی شکل میں ابتدائی بچپن کی تعلیم تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ اس میں فیملیز کی مدد کے لئے دو مرکزی اسکیمیں موجود ہیں:

1. ابتدائی بچپن کی نگہداشت اور تعلیم کا پروگرام (ECCE)
2. قومی چائلڈ کیئر اسکیم (NCS)

## ECCE - مفت پری اسکول پروگرام

ECCE پروگرام ایک مفت پری اسکول پروگرام ہے جو پرائمری اسکول شروع کرنے سے پہلے دو سال تک کے تمام بچوں کے لئے دستیاب ہے۔ یہ ستمبر سے جون تک ہفتے میں پانچ دن اور دن کے تین گھنٹے جاری رہتا ہے۔

بچوں کی عمر 2 سال اور 8 ماہ ہونے کے بعد یہ پروگرام ان کے لئے مناسب ہوتا ہے۔ یہ اسکیم 5 سال اور 6 ماہ پر ختم ہو جاتی ہے۔ ECCE اسکیم کے بارے میں سوالات کے لئے براہ کرم ذیل سے رابطہ کریں: **eyqueries@dcya.ie**

## قومی چائلڈ کیئر اسکیم

قومی چائلڈ کیئر اسکیم (NCS) ایک اضافی اسکیم ہے جو ECCE اسکیم کا 'احاطہ' کرتی ہے۔ یہ پری اسکول کے بارے گزارے گئے وقت کے لئے چائلڈ کیئر کے مالی اخراجات کے لئے اضافی مالی معاونت فراہم کرتی ہے۔ اس اسکیم کے لئے تین اقسام کے حوالے دیے جا سکتے ہیں: 1. عالمی، 2. آمدن پر مبنی اور 3. اسپانسر کے حوالے۔

1. عالمی اور 2. آمدن پر مبنی حوالوں کے متعلق معلومات کے لئے:
رابطہ کریں: **www.ncs.gov.ie** یا **+353 8530 9061**

**اسپانسر کے حوالے:** اگر آپ کو عارضی تحفظ عطا کیا گیا ہے تو قومی چائلڈ کیئر اسکیم (NCS) NCS اسکالرشپ انتظامات کے تحت چائلڈ کیئر کی مکمل لاگت کا احاطہ کر سکتی ہے۔ ضروری ہے کہ کسی اسپانسرنگ ایجنسی نے یہ اسپانسر حوالہ دیا ہو، ٹسلا بھی ایک اسپانسرنگ ایجنسی ہے۔

### بطور والدین ٹسلا اسپانسر کا حوالہ میرے لئے کیا معنی رکھتا ہے؟

اس قسم کے حوالے کے لئے ٹسلا سے آپ کے ساتھ کام کرنے والا شخص ایک حوالہ فارم پر کرے گا۔ یہ فارم آپ کو بتائے گا کہ آپ ہر ہفتے چائلڈ کیئر کے کتنے گھنٹے استعمال کر سکتے ہیں۔ ہر ہفتے زیادہ سے زیادہ 45 گھنٹے دستیاب ہیں۔ آپ کسی ٹسلا میں رجسٹرڈ شریک چائلڈ کیئر سروس کے ساتھ یہ گھنٹے استعمال کر سکتے ہیں۔ حوالہ فارم آپ کو یہ بھی بتائے گا کہ حوالے کی مدت کیا ہے۔ عام طور پر یہ ایک سال کے لئے ہو گا۔

### مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

NCS اسپانسرز ٹیم سے بذریعہ فون
**+353 8535 9061 پر پیر تا جمعہ صبح 9 تا شام 5 بجے یا بذریعہ ای میل** sponsors@ncs.gov.ie **پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔**

آپ **www.ncs.gov.ie** پر NCS چائلڈ کیئر سروس فراہم کنندگان کی پوری فہرست سرچ کرنے کے لئے **چائلڈ کیئر سرچ فنکشن** استعمال کر سکتے ہیں۔

### شہر/کاؤنٹی میں چائلڈ کیئر کی کمیٹیاں

یہ فیملیز کو ابتدائی تعلیمی نگہداشت کے فراہم کنندگان کے ذریعے بھی سپورٹ اور مدد فراہم کرتے ہیں۔ معلومات ذیل پر دیکھی جا سکتی ہیں: **www.myccc.ie**. 4 تا 18 سالہ بچوں کو مناسبت کے لحاظ سے ریاست کی فراہم کردہ عوامی پرائمری یا پوسٹ پرائمری تعلیم تک رسائی میں مدد دی جائے گی۔

# آئرلینڈ میں نظام تعلیم

## اسکول میں داخلہ

آئرلیںڈ میں ضروری ہے کہ بچے 6 سال سے لے کر 16 سال کی عمر تک اسکول جائیں۔

اسکول کے ابتدائی سالوں کو 'پرائمری اسکول' کے سال کہا جاتا ہے۔ یہ تعلیم مفت ہے اور اس میں شرکت تمام طلبہ پر قانونی طور پر لازم ہے۔ اسکول شروع کرنے کے لئے اسکول کے سال کے آغاز میں بچے کی عمر کم از کم 4 سال ہونی چاہیے۔ آئرلینڈ میں والدین یا سرپرست کو یقینی بنانا چاہیے کہ بچہ ہر روز اسکول جائے۔ اگر بچہ غیر حاضر ہو تو والدین یا سرپرست کو اسکول کو بتانا چاہیے اور وجہ فراہم کرنی چاہیے۔ اگر بچہ ایک سال میں اکیس یا زائد چھٹیاں کرے یہ اگر خدشہ ہو کہ آپ کے بچے کی تعلیم کا حرج ہو رہا ہے تو لازمی ہو گا کہ اسکول ٹسلا ایجوکیشن سپورٹ سروس کو اطلاع دے۔ براہ کرم اسکول میں بچوں کی حاضری کی معلومات تلاش کریں:
https://www.tusla.ie/uploads/content/english_leaflet.pdf

آئرلینڈ میں اسکول کا اگلا مرحلہ 'سیکنڈری یا پوسٹ پرائمری اسکول' کہلاتا ہے اور یہ 12 تا 18 سالہ طلبہ کے لئے ہے۔ 16 سال سے کم عمر کے طلباء کے لیے اسکول میں حاضری ضروری ہے۔ زیادہ تر سیکنڈری اسکول کوئی فیس نہیں لیتے۔

4 تا 18 سالہ بچوں کو ریاست کی فراہم کردہ پبلک پرائمری یا سیکنڈری تعلیم تک رسائی میں مدد دی جائے گی۔ اپنے بچے کی تعلیم کا آغاز کرنے کے لئے آپ اپنے مقامی اسکول سے رابطہ کر سکتے ہیں اور وہ داخلے کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔

یہاں اسکولوں کی فہرست دیکھی جا سکتی ہے:
https://www.gov.ie/en/directory/category/495b8a-schools

**علاقائی تعلیم اور زبان کی ٹیمیں (REALTs)** ان فیملیز کی مدد کریں گی جو بین الاقوامی تحفظ چاہتی ہیں اور جن کے بچوں کے اسکول میں داخل ہونے کی ضرورت ہے۔ جن فیملیز کو اسکول میں داخلے میں مشکل ہو رہی ہے، وہ یہاں **اپنی REALT ٹیم** سے رابطہ کر سکتی ہیں:
https://www.gov.ie/en/publication/48639-information-for-schools-ukraine

**ٹسلا ایجوکیشن سپورٹ سروس (TESS)** کا عملہ REALT ٹیم کے کلیدی ارکان ہیں اور اگر فیملیز کو اسکول میں جگہ لینے میں مشکل ہو رہی ہو تو ان کی مدد بھی کریں گے:
https://www.tusla.ie/tess/get-in-touch
**+353 1 7718636 / +353 1 7718586**



## ممکنہ طور پر مددگار دیگر معلومات

### جنسی عمل کی رضامندی دینے کی عمر

آئرلینڈ میں آپ 17 سال کی عمر میں قانونی طور پر جنسی عمل کی رضامندی دے سکتے ہیں۔ خواہ آپ کا جنسی رجحان کچھ بھی ہو یا آپ کسی بھی صنف یا اصناف کے ساتھ جنسی طور پر فعال ہوں، یہ عمر تبدیل نہیں ہو گی۔ ذیل پر مزید معلومات دیکھی جا سکتی ہیں:
https://www.citizensinformation.ie/en/birth-family-relationships/children-s-rights-and-policy

### آئرلینڈ میں لوگ کس عمر میں شادی کر سکتے ہیں؟

آئرلینڈ میں لوگ 18 سال کی عمر میں شادی کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی 18 سال سے کم عمر فرد شادی کرے تو اسے شادی کی اجازت کے لئے عدالت جا کر 'استثنا کا آرڈر' حاصل کرنا ہو گا۔

### کام کرنے کی قانونی عمر

آئرلینڈ میں بعض اوقات 14 تا 18 سالہ بچے موسم گرما میں یا اسکول کے اوقات کے علاوہ جز وقتی ملازمت کر لیتے ہیں۔ کالج جانے والے نوجوان افراد بھی بعض اوقات جزوقتی ملازمت کرتے ہیں اور اسے اپنی تعلیم کے اوقات کے ساتھ ایڈجسٹ کرتے ہیں۔

نوجوان 14 سال کی عمر سے جز وقتی اور 16 سال کی عمر سے کل وقتی ملازمت کر سکتے ہیں۔ تاہم جب ان کی عمر 18 سال سے کم ہو تو اس متعلق حدود موجود ہوں گی کہ وہ نوجوان کتنی دیر تک کام کر سکتے ہیں اور کس قسم کا کام کر سکتے ہیں۔

18 سال سے کم عمر میں کام کرنے کے متعلق مزید معلومات کے لئے سٹیزنز انفارمیشن میں معلومات دستیاب ہیں:
www.citizensinformation.ie

### صنفی شناخت کا حق

آئرلینڈ میں آپ کسی بھی عمر میں اپنی صنف کی شناخت کر سکتے ہیں۔ قانونی طور پر اپنی صنف تسلیم کروانے کے لئے آپ کی عمر 18 سال سے زائد ہونا ضروری ہے۔ ذیل پر مزید معلومات دیکھی جا سکتی ہیں:
https://www.citizensinformation.ie/en/birth-family-relationships/legal-recognition-of-preferred-gender

### الکحل اور قانون

آئرلینڈ میں الکحل خریدنے کے لئے آپ کی عمر 18 سال یا زائد ہونا ضروری ہے۔ 18 سال سے کم عمر فرد کو الکحل دینا، خریدنا یا پیش کرنا غیر قانونی ہے۔ آئرلینڈ میں اکثر عوامی مقامات پر الکحل پینے کی اجازت نہیں۔

### بین الاقوامی تحفظ کی رہائشی خدمات (IPAS)

اگر آپ کو سرکاری رہائش کی ضرورت ہے تو مدد کے لئے IPAS ہیلپ ڈیسک سے ذیل پر رابطہ کریں (24 گھنٹے دستیاب ہے):
**ipasinbox@equality.gov.ie**

### عمومی معلومات کے لئے:

- آئرش مہاجرین کی کونسل:
  www.irishrefugeecouncil.ie
- سٹیزنز انفارمیشن (شہریوں کی معلومات):
  https://www.citizensinformation.ie/en/moving-country/asylum-seekers-and-refugees

## گھریلو تشدد اور صنف پر مبنی تشدد

آئرلینڈ میں گھریلو تشدد قابل قبول نہیں اور قانون کے خلاف ہے۔ اگر آپ کے ساتھ یا آپ کی فیملی میں ایسا ہوتا ہے تو آپ **An Garda Síochána** کو اطلاع دے سکتے ہیں۔ گھریلو تشدد سے مراد جسمانی قوت یا جذباتی قوت کا استعمال یا جسمانی قوت کے استعمال کی دھمکی ہے، اس میں بالغ افراد کے قریبی تعلقات میں جنسی تشدد شامل ہے۔

اس میں زوج، ساتھی، بیٹے، بیٹی یا کسی اور ایسے شخص کی طرف سے کیا گیا تشدد شامل ہے جو متاثرہ فرد کا قریبی رشتہ دار ہو یا اس کے ساتھ رہتا ہو۔

آئرلینڈ میں گھریلو تشدد کے قانون کے تحت حفاظتی آرڈر اور روک کے آرڈر (اس شخص کو اپنے یا اپنے گھر کے نزدیک آنے سے روکنے کے لئے) کے ذریعے تحفظ لیا جا سکتا ہے۔ اس کے بارے میں مزید معلومات آئرلینڈ میں قانونی امداد کے بورڈ سے دستیاب ہیں: **www.legalaidboard.ie**

## ہیلپ لائن اور کرائسز کی خدمات

| | |
|---|---|
| **Garda Síochána (آئرش پولیس) - 24 گھنٹے** | 112/999 یا آپ کا مقامی گارڈا اسٹیشن<br>https://www.garda.ie/en |
| **جنسی زیادتی کی کرائسز نیشنل ہیلپ لائن - 24 گھنٹے** | 1800 778888<br>https://www.drcc.ie/services/ |
| **خواتین کی امداد کی ہیلپ لائن - 24 گھنٹے** | 1800 341900<br>https://www.womensaid.ie/ |
| **مردوں کا ترقیاتی نیٹ ورک** | 1800 816588<br>https://mensnetwork.ie/ |
| **آئرلینڈ میں مردوں کی امداد** | 01 554 3811<br>https://www.mensaid.ie/ |



# آئرلینڈ میں نئے آنے والے لوگوں کے ساتھ کام کرنے والی تنظیموں کی فہرست

| | |
|---|---|
| **کلیئر امیگرینٹ سپورٹ سنٹر (CISC)** | www.clareimmigrantsupportcentre.com |
| **کراس کیئر**<br>(مہاجرین کے لئے معلومات اور وکالت کی سروس) | www.crosscare.ie<br>www.livinginireland.ie<br>ای میل: refugeeservice@crosscare.ie |
| **ڈورس لوئمنی**<br>(لمرک اور وسیع تر مڈ ویسٹ علاقے میں رہائش پزیر تمام مہاجرین کے حقوق کی حمایت کرتے ہیں) | www.dorasluimni.org |
| **فوکس آئرلینڈ**<br>(بےگھر یا بےگھر ہونے کے خطرے میں مبتلا فیملیز، نوجوانوں اور بچوں کی مدد کرتے ہیں) | www.focusireland.ie |
| **آئرلینڈ کی امیگرینٹ کونسل** | www.immigrantcouncil.ie |
| **کاؤنٹی کلکینی میں امیگرینٹ سپورٹ کلینک** | www.frmcgrathcentre.ie/immigrant-support-clinic/ |
| **ہجرت کی بین الاقوامی تنظیم**<br>(تنظیم کی آئرش شاخ) | https://ireland.iom.int/ |
| **آئرش مہاجرین کی کونسل** | www.irishrefugeecouncil.ie |
| **جیسوٹ ریفیوجی سروس (JRS)** (مہاجرین کو کئی براہ راست معاون خدمات فراہم کرتی ہے) | www.jrs.ie |
| **مایو بین ثقافتی ایکشن** | https://www.mayo.ie/en-ie/living-in-mayo/living-services/mayo-intercultural-action |
| **Nasc**<br>(انسانی حقوق، سماجی انصاف اور مساوات کے لئے کام کرنے والی تنظیم) | www.nascireland.org |
| **نئی کمیونٹیز کی شراکت داری (NCP)** (175 مہاجرین کے زیر سربراہی 65 اقوام پر مشتمل گروپس کا آزاد قومی نیٹ ورک جس کے دفاتر کاؤنٹی ڈبلن اور کاؤنٹی کورک میں موجود ہیں اور دیگر شہروں تک رسائی حاصل ہے) | www.newcommunities.ie<br>ای میل: info@newcommunities.ie |

| | |
|---|---|
| **روہامہ**<br>(ایک تنظیم جو جسم فروشی اور سماجی جنسی استحصال کی دیگر اشکال سے متاثرہ خواتین کے ساتھ کام کرتی ہے) | www.ruhama.ie |
| **SPIRASI**<br>(پناہ گزینوں، مہاجرین اور پسماندہ مہاجر گروہوں کے ساتھ کام کرتی ہے) | www.spirasi.ie |
| **ٹرالی انٹرنیشنل ریسورس سنٹر (TIRC)** | www.tirc.ie |
| **UNHCR**<br>(اقوام متحدہ کی مہاجرین کی ایجنسی) | www.unhcr.org/en-ie |

## دیگر کارآمد روابط

| | |
|---|---|
| **An Garda Síochána (آئرش پولیس)**<br>(آئرلینڈ میں قومی پولیس سروس) | https://www.garda.ie/en/contact-us/station-directory/ |
| **برنارڈوس**<br>(بچوں اور فیملیز کے ساتھ کام کرنے والی تنظیم) | www.barnardos.ie |
| **بچوں کے حقوق کا اتحاد**<br>(آئرلینڈ میں بچوں کے حقوق اور قانون کے متعلق معلومات) | www.childrensrights.ie |
| **بچوں اور نوجوانوں کی خدمات کی کمیٹیاں**<br>(نوجوانوں کے لئے معلومات اور خدمات) | www.cypsc.ie |
| **شہریوں کی معلومات**<br>(آئرلینڈ میں حقوق اور قوانین کے بارے میں معلومات) | www.citizensinformation.ie |
| **شہر اور کاؤنٹی کی چائلڈ کیئر کمیٹیاں**<br>(پری اسکول چائلڈ کیئر مقامات میں مدد دیتی ہیں) | www.myccc.ie |
| **بچوں، مساوات، معذوری، انضمام اور نوجوانوں کا شعبہ**<br>(آئرلینڈ کا سرکاری محکمہ جو بچوں کی ذمہ دار ہے) | www.gov.ie/dcediy<br>فون: 6473000 1 353+<br>ای میل: contact@equality.gov.ie |
| **محکمہ برائے سماجی تحفظ** (تمام سماجی بہبود کی ادائیگیوں اور بالغوں اور بچوں کے حقوق کی ذمہ داری لینے والا آئرلینڈ کی حکومت کا محکمہ) | www.gov.ie/en/organisation/department-of-social-protection |
| **آئرلینڈ میں تعلیم و تربیت کے بورڈ (ETBI)**<br>(تعلیم اور اسکول کی نشستوں کے بارے میں معلومات) | www.etbi.ie |

| | |
|---|---|
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE)**<br>ابتدائی طبی امداد کے لیے بچوں کی تحفظ کا چیک لسٹ | https://www.hse.ie/eng/health/child/childsafety/checklist-first-aid.pdf |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) والدین کے لئے بچے کے تحفظ کی چیک لسٹ بشمول چیزوں کو بچے کے لئے محفوظ بنانا)** | https://www2.hse.ie/babies-children/child-safety/at-home/child-proof-your-home/ |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) سپورٹ برائے معذور بچوں کے نگہداشت کنندگان - وظائف اور حقوق**<br>(آئرلینڈ کی ہیلتھ سروس) | https://www2.hse.ie/services/disability-support-and-services/support-for-carers-of-children-with-a-disability/benefits-and-entitlements-for-carers-of-children-with-a-disability.html |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) بچوں کی معذوری کی خدمات**<br>(آئرلینڈ کی ہیلتھ سروس) | https://www2.hse.ie/services/disability-support-and-services/childrens-disability-services/find-a-childrens-disability-service.html |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) معذوری کی سپورٹس اور خدمات**<br>(آئرلینڈ کی ہیلتھ سروس) | https://www.hse.ie/eng/services/list/4/disability/ |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) منشیات اور الکحل کی ہیلپ لائن** (آئرلینڈ کی ہیلتھ سروس) | فری فون: 459 459 1800 |
| **ہیلتھ سروس ایگزیکٹو (HSE) ذہنی صحت کی سپورٹس اور خدمات**<br>(آئرلینڈ کی ہیلتھ سروس) | https://www2.hse.ie/services/mental-health/services-search/<br>فون: 888 111 1800 |
| **آئرش حکومت اور محکمات** | www.gov.ie |
| **ISPCC**<br>(بچوں اور فیملیز کو کئی خدمات براہ راست فراہم کرتا ہے) | www.ispcc.ie |
| **قانونی امداد کا بورڈ**<br>(سول قانونی مدد اور مشورہ فراہم کرنے والی خود مختار، عوامی فنڈنگ لینے والی تنظیم) | www.legalaidboard.ie |
| **قومی چائلڈ کیئر اسکیم**<br>(پری اسکول چائلڈ کیئر کے بارے میں معلومات) | https://www.ncs.gov.ie/en/<br>8530 906 1 353+ – عالمی/آمدن کے اندازے کے مطابق درخواستیں<br>8535 906 1 353+ – اسپانسر کے حوالے |

| | |
|---|---|
| **نیشنل چائلڈہوڈ نٹورک**<br>(ابتدائی بچپن کے سیکٹر کے لئے سپورٹ فراہم کرتا ہے) | https://ncn.ie/parents/ |
| **والدین کی قومی کونسل**<br>(بچوں کی تعلیم کے تمام معاملات میں والدین کی مدد کے لئے ہیلپ لائن اور تربیتی خدامت) | www.npc.ie |
| **پیرنٹ لائن**<br>(والدین کی سپورٹ) | www.parentline.ie<br>فون: 8733500 1 353+ |
| **علاقائی تعلیم اور زبان کی ٹیمیں (REALTs)**<br>(اسکول میں نشستوں کے متعلق مدد کے لئے) | https://www.gov.ie/en/publication/48639-information-for-schools-ukraine/ |
| **سماریٹنز آئرلینڈ**<br>(آئرلینڈ میں جذباتی مدد فراہم کرنے والا خیراتی ادارہدن میں 24 گھنٹے، سال میں 365 دن) | https://www.samaritans.org/ireland/samaritans-ireland/ |
| **ٹسلا، چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی ہیڈ کوارٹرز**<br>(بچوں اور نوجوانوں کے لئے ذمہ دار ریاستی ایجنسی) | ٹسلا، چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی ہیڈ کوارٹرز<br>The Brunel Building<br>Heuston South Quarter<br>Saint John's Road West<br>Dublin 8<br>D08 X01F<br>فون: 771850 1 353+<br>ای میل: info@tusla.ie<br>www.tusla.ie |
| **ٹسلا، چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی ہیڈ کوارٹرز**<br>ٹسلا، چائلڈ اینڈ فیملی ایجنسی ڈیوٹی سوشل ورک ٹیمیں/تفویض کردہ رابطہ مراکز | https://www.tusla.ie/get-in-touch/duty-social-work-teams/ |





www.tusla.ie